# جماعت دہم اردو (اضافی مضمون) نمبرات کی تقسیم

1۔ منتخب درسی نثری اقتباس اور آخر پر دیے گئے سوالات — 5 نمبر

2۔ قواعد سے مختصر سوالات ۔ — ۴ نمبر

3۔ اسباق کے آخر پر دیے گئے مختصر سوالات — 3 نمبر

4۔ درسی نثری اقتباس اور آخر پر دیے گئے سوالات — 5 نمبر

5۔ درسی شاعری اقتباس اور آخر پر دیے گئے سوالات — ۵ نمبر

6۔ کسی بھی موضوع پر 150 الفاظ پر مشتمل مضمون — ۵ نمبر

7۔ نجی، دفتری اور کاروباری خطوط — ۵ نمبر

8۔ درسی کتاب میں شامل کسی ایک مضمون کا خلاصہ — ۴ نمبر

9۔ کسی بھی ادیب یا شاعر کے حالات زندگی و ادبی کارنامے — ۴ نمبر

10۔ درسی اسباق کے آخر پر دیے گئے سوالات کے جواب — 9 نمبر

کُل نمبرات (۵۰)

(1)

# J&K Board of School Education

## MODEL PAPER FOR URDU 10th (Additional Optional)

Marks 50 — Time 2½ Hours

## حصّہ (الف)

سوال ۱ ! ۔ درج ذیل (غیر درسی) نثری اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجیئے ۔ 5 نمبرات

انفارمیشن ٹیکنالوجی انگریزی زبان کا لفظ ہے ۔ اپنی زبان میں ہم اسے "فن عبارت کی آگاہی یا تجسس" کہتے ہیں ۔ قدیم انسان اگرچہ کسی فن یا عبارت سے بے بہرہ تھا لیکن وہ بھی اپنی سطح کے ہر کام کیلئے نئی راہیں تلاش کرتا تھا ۔ چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اُس نے آگ پیدا کرنا سیکھ لیا ۔ گول پتھر کو ڈھلان سے لڑھکتے ہوئے دیکھ کر اُس نے سوچا ہوگا کہ وہ بھی اس تیز رفتار گول پتھر کی طرح کوئی ایسی چیز وجود میں لائے جس سے وہ استفادہ کر سکے ۔ تو نتیجے میں وہ پہیہ کا موجد بنا ۔ اس طرح اس کے ذہن میں ایک حرکت پیدا ہوئی ۔ یہی ذہنی حرکت اس کو اس موڑ پر لائی کہ وہ دستکاری اور اس کے بعد "مشینی عہد" میں پہنچ گیا ۔

(i) انفارمیشن ٹیکنالوجی کس زبان کا لفظ ہے ؟

(a) ہندی زبان کا (b) انگریزی زبان کا (c) اردو زبان کا (d) اوپر کے تینوں غلط ہیں

(ii) قدیم انسان اپنی سطح کے ہر کام کیلئے کیا تلاش کرتا تھا ؟

(a) نئی راہیں (b) پرانی راہیں (c) کھلی راہیں (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(صفحہ ۲ پر جاری)

Scanned with CamScanner

(iii) انسان کس چیز سے استفادہ کر کے پہیئے کا موجد بنا؟
(iv) چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اُس نے کیا پیدا کرنا سیکھا؟
(v) دستکاری کے بعد انسان کس عہد میں پہنچا؟

## عملی قواعد

درج ذیل سوالوں میں سے کوئی بھی چار سوالوں کے جواب لکھیے! (۶ نمبرات)

سوال ۲: (۱) جنس کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں:-
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(۲) تذکیر و تانیث کے لحاظ سے "چاند" کیا ہے؟
(a) مذکر (b) مؤنث (c) مذکر بھی اور مؤنث بھی (d) نہ مذکر نہ مؤنث

(۳) اسم "کُتا" کا مؤنث کیا ہے؟
(a) کُتی (b) کُتیا (c) کُتے (d) ان میں سے کوئی نہیں۔

(۴) گنتی کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(۵) لفظ "اِلحاح" کی جمع کیا ہے؟
(a) اِلحاحی (b) اِلحاحیں (c) اِلحاحات (d) ان میں سے کوئی نہیں

سوال ۳: کالم 'الف' میں دیئے گئے الفاظ کو کالم 'ب' میں دیئے گئے اپنے صحیح معنی کے ساتھ جوڑیئے:- (۳ نمبرات)

(صفحہ 3 پر جاری)

Scanned with CamScanner

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| دیہوں | حرارت |
| آخرتیر | بزدل |
| شیرہ | کم |
| قابل | سفید |
| رعنائی | سچائی |
| راستی | تبدیلی |

سوال ۴: درج ذیل (درسی) نثری عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجیے: (۱۰ نمبرات)

مولانا کمزوروں اور بے کسوں کے بڑے حامی تھے۔ خاص کر عورتوں کے، جو ہمارے یہاں سب سے بے کس فرقہ ہے، انہوں نے ہمیشہ حمایت کی۔ "مناجاتِ بیوہ" اور "چپ کی داد" یہ دو ایسی نظمیں ہیں جن کی نظیر ہماری زبان میں کیا، ہندوستان کی کسی زبان میں نہیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے ماخوذ ہے:

(a) مولانا حالی (b) حالی (c) خواجہ الطاف حسین حالی (d) اوپر کے تینوں غلط

(ii) مصنف کے مطابق ہمارے یہاں سب سے بے کس فرقہ کون سا ہے؟

(a) عورتوں کا (b) مردوں کا (c) ہندوؤں کا (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(صفحہ ۷ پر جاری)

Scanned with CamScanner

iii) اِس سبق کے مصنف کا نام بتائیے۔

iv) مولانا کن کے حامی تھے؟

a) کمزوروں کے b) بےکسوں کے c) عورتوں کے d) ان سب کے

v) لفظ "نظیر" کے معنی کیا ہیں؟

a) نظر b) نظارہ c) مثال d) ان میں سے کوئی نہیں

(ب)

ایک بار ساون کے مہینے میں منشی جی اور ٹھاکر صاحب نے اجودھیا کی یاترا کی صلاح کی۔ دور کا سفر تھا۔ مع عیال کے جانا چاہتے تھے۔ دونوں احباب نے ایک ایک ہفتے کی ~~چھٹی~~ رخصت لی اور پنڈت جی کو ساتھ چلنے پر مجبور کیا۔ یہ دبدھے میں تھے لیکن جب ان لوگوں نے سفر خرچ کا ذمہ لیا تب انکار کی گنجائش نہ رہی۔ اجودھیا کی یاترا کا ایسا موقع پاکر کیونکر رکتے۔ بلہور سے ایک بجے رات کو گاڑی چھوٹتی تھی۔ آسمان پر کالی گھٹا چھائی ہوئی تھی، اسی لیے سرِ شام ہی اسٹیشن پر آ گئے۔

i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام بتائیے:-

a) میر امّن b) منشی پریم چند c) ڈپٹی نذیر احمد d) تینوں غلط ہیں۔

ii) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(صفحہ کے ۵ پر جاری)

(iii) اقتباس میں جن لوگوں کا ذکر ہے، وہ سرِ شام ہی اسٹیشن پر کیوں آ گئے؟

(iv) گاڑی کس جگہ سے چھوٹنی تھی؟

(a) اجودھیا سے (b) بلیہور سے (c) دہلی سے (d) تینوں غلط ہیں۔

(v) پنڈت جی کا پورا نام کیا تھا؟

(a) پنڈت بیج ناتھ (b) پنڈت الی پل سنگو (c) پنڈت چندھردر

(d) ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال (c) مندرجہ ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں) کے جواب دیجیے:- (۵ نمبرات)

مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر جس طرح کتے ٹوٹتے ہیں استخوان پر
ویسا ہی مفلسوں کو لڑاتی ہے مفلسی

(i) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) جگنو (b) مفلسی (c) تحریبی (d) غربت

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام لکھیے!

(a) اقبال (b) نذیر احمد (c) نظیر اکبرآبادی (d) نظیر کشمیری

(iii) درج بالا بند کے چوتھے مصرع میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(iv) غریب آدمی کس چیز پر اپنی جان دیتا ہے؟

(v) لفظ "استخوان" کے معنی کیا ہیں؟

(صفحہ ۶ پر جاری)

Scanned with CamScanner

(یا)

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ — کچھ نہ سمجھے خُدا کرے کوئی

نہ سُنو گر بُرا کہے کوئی — نہ کہو گر بُرا کرے کوئی

روک لو گر غلط چلے کوئی — بخش دو گر خطا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند — کس کی حاجت روا کرے کوئی

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) غزل (b) نظم (c) رُباعی (d) مُسدس

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام بتائیے:-

(a) میر تقی میر (b) مرزا اسداللہ خان غالب (c) ڈاکٹر سر محمد اقبال

(d) میر ببر علی انیس

(iii) درج بالا اشعار میں ردیف کون سا لفظ (یا الفاظ) ہے/ہیں؟

(a) کوئی (b) کرے کوئی (c) ہوا، دوا وغیرہ (d) ان میں کوئی نہیں

(iv) پہلے شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(v) چوتھے شعر کے دوسرے مصرع میں شاعر نے کیا نصیحت کی ہے؟

(صفحہ 7 پر جاری)

Scanned with CamScanner

(حصہ ب) تخریری مہارت

سوال 6: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے!- (6 نمبرات)

(i) آلودگی ایک سنگین مسئلہ
(ii) تعلیم نسواں
(iii) قومی اتحاد

(یا)

(i) ذرائع ابلاغ
(ii) گلوبل وارمنگ، ایک خطرہ
(iii) موبائل فون کے فائدے -

سوال 7: اپنے والد کے نام خط لکھ کر اپنے اسکول میں ہوئے والی کارگزاریوں کا ذکر کیجئے - (3 نمبرات)

(یا)

اپنے پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے -

(یا)

اپنی دکان کو کرایہ پر دینے کیلئے ایک اشتہار تیار کریں -

سوال 8: نظم "جگنو" کا خلاصہ لکھیے - (4 نمبرات)

(یا)

میر تقی میر کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے -

(صفحہ 8 پر جاری)

Scanned with CamScanner

سوال ۹: خواجہ غلام السیدین کے مقالہ "اقبال اور انسانیت" کا خلاصہ لکھیے۔

(۱۶ نمبرات)

(یا)

افسانہ "عبرت" کے حوالے سے کہانی کے اُس منظر کا بیان کیجیے جس نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہو۔

سوال ۱۰: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں 3 سوالوں کے جواب لگ بھگ 25 سے 30 لفظوں میں لکھیے:

(3x3 = 9 نمبرات)

~~۱) میر امن کی طرح میں کام کرتے~~

۱) میر امن کی تصنیف "باغ و بہار" کی خوبیاں تحریر کیجیے۔

۲) ملک صادق کون تھا اور شہزادے کے ساتھ اُس کا کیا رشتہ تھا؟

۳) پنڈت چندر دھر کو اپنے بیٹے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

۴) "کس کو معلوم ملے خاک میں منظر کتنے" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

۵) میر ببر علی انیس کی کسی ایک رباعی کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان

۶) علامہ اقبال کے کچھ اردو شعری مجموعوں کا نام لکھیے۔

— ختم —

(دستخط)

محمد یاسین قادری

ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول گنت

بانڈی پورہ۔

Scanned with CamScanner